11/07/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عارف حسین سے خبریں سُنئے

نمائش

سرینگر میں کل شروع ہوئی نمائش آج بھی skicc سن رچنا- جے اینڈ کے 2025کے موضوع پر جاری ہے۔ اس نمائش کا افتتاح لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور راجیہ سبھا ممبر غلام علی کھٹانہ نے کیا۔ نمائش کے افتتاح کے بعد لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ اس نمائش کی بدولت نوجوانوں کو اپنے ہنر کا اظہار کرنے کا موقعہ ملے گا۔
ا

نہوں نے کہا کہ انتظامیہ نوجوانوں کو با اختیار بنانے کے لئے پر عزم ہے -±

واضح رہے کہ یہ نمائش کل یعنی سنیچر وار کو اختتام پذیر ہوگی ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے کہا ہے کہ جموں کشمیر کثیر جہتی سیاحتی وسائل سے مالا مال ہے اور اس خطے میں سیاحوں کو ہر طرح کی سیاحت کے موقعے دستیاب رہتے ہیں۔ کولکتہ میں سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر اور مغربی بنگال Fair ٹراول اینڈ ٹورازم کے آپس میں گہرے ثقافتی رشتے ہیں۔
ا

نہوں نے سیاحوں سے کشمیر کی سیر پر آنے کی دعوت دی۔±

JKEDI

جموں و کشمیر انٹرپرینیورشپ ڈویلپمنٹ انسٹی ٹیوٹ پانپور میں انٹرپرینیورشپ اور اسٹارٹ اپ میٹنگ منعقد کی گئی ، جس میں سرکاری عہدیداروں ، اسٹارٹ اپ مالکوں ، جدت پسندوں اور ٹرینیوں نے شرکت کی۔ اس موقعہ پر 20 نمائش اسٹالوں کی رجسٹریشن اور افتتاح کیا گیا ۔ نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری بطور مہمان خصوصی موجود رہے ۔ انہوں نے جموں کشمیر میں متحرک اسٹارٹ اپ ماحولیاتی نظام کو فروغ دینے کے لئے حکومت کے غیر متزلزل عزم پر زور دیا۔

چیف سکریٹری

چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے یوم آزادی تقریبات کے حوالے سے سول انتظامیہ اور پولیس افسران کی ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ انہوں نے اس دن کے پیش نظر دیگر ثقافتی اور تفریحی پروگراموں کو بہتر طریقے سے منعقد کرانے کے علاوہ سڑکوں پر ٹریفک نظام کو منظم کرنے سکیورٹی کے انتظامات کو یقینی بنانے کے ٹھوس Fool Proof پر زور دیا ۔ چیف سکریٹری نے اقدامات کرنے کی بھی افسران کو تلقین کی ۔

حج

حج کمیٹی آف انڈیا نے حج 2026 کیلئے خواہشمند عازمین سے آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں۔ حج 2026 کیلئے کئے جارہے انتظاما ت اور عازمین کیلئے ضروری ہدایات پر مبنی آکا شوانی نیوز سرینگر کا تیار کردہ پروگرام آج رات ساڑھے آٹھ بجے نشر ہو گا ۔ پروگرام کے مہمان ہیں جموں کشمیر حج کمیٹی ایگزیکیوٹو افسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی۔ ان کے ساتھ ہمکلام ہوں گے شعبہ خبر کے سربراہ طارق را تھر۔

یاترا

سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا پہلگام اور بال تل دونوں راستوں سے احسن طریقے پر جا ری ہے اور آج صبح 11بجے تک ایک لاکھ 50 ہزار کے قریب یاتریوں نے پوتر گپھا میں شیولنگم کے درشن کئے ۔ دریں اثناءآج صبح جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے 6ہزار 482 یاتریوں پر مشتمل ایک اور قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا ۔

ٹریننگ

کے اشتراک سے سرینگر ، بڈگام ، SCERT-JK ڈائریکٹوریٹ آف اسکول ایجوکیشن کشمیر نے گاندربل ، اور پلوامہ اضلاع کے نئے ترقی یافتہ ہیڈ ماسٹروں کے لئے تین روزہ 'اِنڈکشن ٹریننگ پروگرام' کا آغاز کیاپروگرام کا افتتاح ڈائریکٹر اسکول ایجوکیشن کشمیر ڈاکٹر جی این ایتو نے کیا ۔ اس پروگرام کا مقصد قومی تعلیمی پالیسی 2020کے عین مطابق تدریسی اور انتظامی قیادت کو مستحکم کرنا ہے ۔

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری نے ضلع کے سب ڈویژن گریز کا دورہ کر کے وہاں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے وہاں افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران مختلف پروجیکٹوں اور سکیموں کی عمل آوری کے بارے میں تفصیلات طلب کرتے ہوئے عوام کو ہر طرح کی سہولت بہم پہنچانے کی ہدایت دی۔

ڈے

آج ورلڈ پاپولیشن ڈے منایا جا رہا ہے ۔ اس دن کو منانے کا مقصد بڑھتی آبادی سے پیدا ہونے والے مسائل کو اجا گر کرنا اور ان کا حل تلاش کرنا ہے ۔ اس سلسلے میں آج مختلف تقریبات اور پروگراموں کا انعقاد ہو رہا ہے ۔

خراج

آج مادر مہربان بیگم اکبر جہاں کی پچیسویں برسی ہے ۔اس موقعہ پر نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر عمر عبداللہ نے انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔

بجلی

کشمیر پاور ڈسٹریبیوشن کارپوریشن لمیٹڈ کے چیف انجینئر کے مطابق پیڑوں کی شاخ تراشی کے پیش نظر سرینگر کے دنِہامہ ،کھِمبر ، چتھَر ہامہ ، تیل بل ، برزہامہ ، گسو

، شُپر باغ ، غلام باغ ، بٹہ پورہ اور ملحقہ علاقوں میں 12 اور 14 جولائی کو صبح آٹھ بجے ¾ سے دن کے ایک بجے تک بجلی کی سپلائی متاثر رہے گی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ